# آسٹریلیا میں تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**تعارف**

یکم دسمبر 2012 سے لازمی ہے کہ آسٹریلیا میں بیچی جانے والی، فروخت کیلئے پیش کی جانے والی یا کسی اور طرح فراہم کی جانے والی تمباکو کی تمام مصنوعات سادہ پیکیجنگ میں ہوں اور ان پر صحت کی تازہ اور تفصیلی تنبیہات درج ہوں۔ *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* (ایکٹ) اور *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011* (ریگولیشنز) میں تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ کی مکمل تفصیلات طے کی گئی ہیں۔ *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011*(سٹینڈرڈ) تمباکو کی مصنوعات پر صحت کی تنبیہات کے تقاضے بیان کرتا ہے۔

**تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کا قانون**

**سوال 1 آسٹریلین حکومت نے تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کیوں متعارف کرائی ہے؟**

تمباکو نوشی آسٹریلیا کے باشندوں میں روکی جا سکنے والی موت اور بیماری کی اہم ترین وجوہ میں شامل چلی آ رہی ہے اور اندازے کے مطابق ہر سال 15,000 آسٹریلین باشندوں کو ہلاک کرتی ہے۔ تمباکو نوشی سے تعلق رکھنے والی بیماریاں آسٹریلیا کی معاشیات اور معاشرے پر ہر سال تقریباً"31.5$ بلین کا بوجھ ڈالتی ہیں۔ آسٹریلین حکومت تمباکو نوشی کرنے والوں کو یہ عادت ترک کرنے میں مدد دینے اور ہر سال اس عادت میں مبتلا ہونے والوں کی تعداد کم کرنے کا عزم کیے ہوئے ہے۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ تمباکو کی مصنوعات پر صنعت کی جانب سے برانڈ کی علامات اور پیکیجنگ کا ڈیزائن صارفین کو تمباکو نوشی کے نقصانات کے بارے میں گمراہ کر سکتا ہے، تمباکو نوشی کو زیادہ پرکشش ظاہر کر سکتا ہے، بالخصوص نوجوان افراد کیلئے، اور تمباکو کی مصنوعات پر درج صحت کی تنبیہات کا اثر کم کر سکتا ہے۔

**سوال 2 تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے تقاضے کیا ہیں؟**

ایکٹ اور ریگولیشنز میں تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ کے تفصیلی تقاضے بیان کے گئے ہیں، جن میں مندرجہ ذیل تقاضے شامل ہیں لیکن یہ انہی تقاضوں تک محدود نہیں:

- یہ تقاضا کہ تمباکو کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کی تمام بیرونی سطحیں معینہ مٹیالے گہرے بھورے رنگ اور میٹ فنش کی پیکیجنگ میں ہوں؛
- تمباکو کی مصنوعات اور خوردہ فروشی کی پیکیجنگ پر تمباکو کی صنعت کے لوگو، برانڈ کی تصویروں اور علامتوں، رنگوں اور اشتہاری تحریر کی ممانعت، سوائے برانڈ اور قسم کے ناموں کے جن کا سٹینڈرڈ رنگ، پوزیشن، فونٹ سٹائل اور سائز میں ہونا ضروری ہے؛
- تمباکو کی مصنوعات اور خوردہ فروشی کی پیکیجنگ پر ظاہر کیے جا سکنے والے نشانات پر پابندیاں؛
- تمباکو کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کے سائز پر پابندیاں؛
- سگرٹ کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کے فارمیٹ اور میٹریل پر پابندیاں؛ اور
- یہ پابندیاں کہ خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کے اندر اور اوپر ، چپکائے جانے والے لیبلوں سمیت، کونسی چیزوں کی اجازت ہے۔

**سوال 3 سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں سے کون لوگ متاثر ہوتے ہیں؟**

آسٹریلیا میں تمباکو کی مصنوعات بنانے والے، خریدنے والے یا سپلائی کرنے والے (خوردہ فروشوں اور تھوک فروشوں سمیت) سب لوگوں پر یہ یقینی بنانا لازم ہے کہ تمباکو کی مصنوعات سادہ پیکیجنگ اور صحت کی نئی تنبیہات کے تقاضوں کی تعمیل کرتی ہوں، سوائے اس صورت کے جب تمباکو کی مصنوعات آسٹریلیا سے باہر برآمد کرنے کیلئے ہوں۔

**سوال 4 سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں سے کونسی مصنوعات متاثر ہوتی ہیں؟**

سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضے تمباکو کی **تمام** مصنوعات کیلئے اطلاق پاتے ہیں، جن میں سگرٹ، کھلی پتی کا تمباکو، سگار، شیشہ/حقے کا تمباکو اور بیڑی شامل ہیں لیکن یہ تقاضے صرف انہی مصنوعات تک محدود نہیں۔

جن مصنوعات میں ***کوئی بھی*** تمباکو ہو، ان کا ایکٹ، ریگولیشنز اور سٹینڈرڈ کی تعمیل کرنا **ضروری** ہے۔

نوٹ: یہ معلومات صرف رہنمائی کیلئے ہیں اور ان پر قانونی مشورے کی طرح بھروسہ **نہیں** کرنا چاہیئے ۔ یہ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ اگر آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں لاعلم ہیں یا تقاضوں کو سمجھنے میں مشکل محسوس کر رہے ہیں تو آپکو اپنے لئے خودمختارانہ قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیئے۔ اس اشاعت میں دی گئی تمام معلومات اگست 2015 میں درست ہیں۔

**خوردہ فروشوں اور سپلائرز کی ذمہ داریاں**

**سوال 5 خوردہ فروش یا کسی اور صورت میں تمباکو کی مصنوعات سپلائی کرنے والے کی حیثیت سے میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟**

یہ یقینی بنانا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ تمباکو کی جو بھی مصنوعات خریدیں (جیسے تھوک میں دستیاب تمباکو کی مصنوعات جنہیں خوردہ فروشی کیلئے استعمال کیا جانا ہو)، بیچیں، فروخت کیلئے پیش کریں یا کسی اور طرح آسٹریلیا میں سپلائی کریں، وہ سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کو پورا کرتی ہوں۔

آپ کو اپنے مینوفیکچرر یا سپلائر کے آسرے پر نہیں رہنا چاہیئے کہ وہ آپ کو قانون کی تعمیل کرنے والی تمباکو کی مصنوعات فراہم کریں۔ یہ نہایت اہم ہے کہ آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کو پوری طرح سمجھتے ہوں تاکہ آپ ایکٹ، ریگولیشنز اور سٹینڈرڈ کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کر سکیں۔

**سوال 6 کیا تمباکو کی ایسی مصنوعات خریدنے، بیچنے، فروخت کیلئے پیش کرنے یا کسی اور طرح سپلائی کرنے پر کوئی سزا ہے جو سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کی تعمیل نہ کرتی ہوں؟**

ہاں۔ اگر آپ تمباکو کی ایسی مصنوعات خریدیں (جیسے خوردہ فروشی کے مقصد سے تھوک میں تمباکو کی مصنوعات خریدیں)، بیچیں، فروخت کیلئے پیش کریں یا کسی اور طرح آسٹریلیا میں سپلائی کریں جو سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کی تعمیل نہیں کرتیں تو شدید فوجداری یا دیوانی سزائیں لاگو ہو سکتی ہیں۔

ایکٹ کے تحت آسٹریلیا میں قانون کی تعمیل نہ کرنے والی پیکیجنگ میں تمباکو کی مصنوعات کی فروخت، فروخت کی پیشکش، یا سپلائی ایک جرم ہے۔ ایکٹ کے تحت آسٹریلیا میں قانون کی تعمیل نہ کرنے والی پیکیجنگ میں تمباکو کی مصنوعات خریدنا (جیسے خوردہ فروشی کے مقصد سے تھوک میں تمباکو کی مصنوعات خریدنا) بھی جرم ہے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ تمباکو کی جو بھی مصنوعات خریدیں، جنہیں آپ آسٹریلیا میں بیچنے یا فروخت کیلئے پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں، وہ ایکٹ اور ریگولیشنز کی تعمیل کرتی ہوں۔

سزائیں اس فرد کیلئے بھی لاگو ہو سکتی ہیں اور اس کارپوریشن کیلئے بھی جو قانون کی تعمیل نہ کرنے والی تمباکو کی پراڈکٹ خریدے، بیچے، فروخت کیلئے پیش کرے یا کسی اور طرح سپلائی کرے۔ اگست2015 میں ایکٹ کے تحت قصور کی بنیاد پر جرم کی زیادہ سے زیادہ سزا ایک فرد کیلئے سزا کے 2,000 یونٹس یا 360,000$ہے اور ایک کارپوریشن کیلئے سزا کے 10,000یونٹس یا 1.8$ملین ہے۔

سٹینڈرڈ کے تحت صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کی خلاف ورزی کرنے پر ایک فرد کیلئے 220,000$ اور ایک کارپوریشن کیلئے 1.1$ ملین کی الگ سزائیں واجب ہیں۔

**درآمد اور دوبارہ پیک کرنا**

**سوال 7 میں تمباکو کی جو مصنوعات فروخت کرتا ہوں، وہ ملک سے باہر بنتی ہیں اور میرا مینوفیکچرر یا سپلائر انہیں سادہ پیکیجنگ میں اور/یا صحت کی تنبیہات کے ساتھ سپلائی نہیں کرتا۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟**

آپ قانون کی تعمیل نہ کرنے والی پیکیجنگ میں تمباکو کی مصنوعات درآمد کر سکتے ہیں، بشرطیکہ انہیں آسٹریلیا میں بیچنے، فروخت کیلئے پیش کرنے یا کسی اور طرح سپلائی کرنے (چاہے تھوک سپلائی ہو یا خوردہ فروشی ہو) سے *پہلے* مصنوعات اور ان کی پیکیجنگ کو قانون کے مطابق بنا لیا جائے۔

اس میں تمباکو کی مصنوعات کو تعمیل کرنے والی پیکیجنگ میں دوبارہ پیک کرنا، اور/یا تمباکو کی پراڈکٹ میں تبدیلی کرنا (مثال کے طور پر تعمیل نہ کرنے والے سگار بینڈز کو اتارنا یا ڈھکنا) شامل ہو سکتا ہے تاکہ سادہ پیکیجنگ کے قانون میں پراڈکٹ کیلئے طے کردہ تقاضوں کی تعمیل ہو۔ ایکٹ کے تحت آسٹریلیا میں قانون کی تعمیل نہ کرنے والی پیکیجنگ میں تمباکو کی مصنوعات بیچنا، بیچنے کیلئے پیش کرنا یا سپلائی کرنا جرم ہے۔

آپ وہ آلات، میٹریل یا دوسرے وسائل بہم پہنچانے کے ذمہ دار ہیں جن کی آپ کو یہ یقینی بنانے کیلئے ضرورت ہے کہ آپ کی تمباکو کی تمام مصنوعات اور ان کی پیکیجنگ آسٹریلیا میں بیچنے، فروخت کیلئے پیش کرنے یا کسی اور طرح سپلائی کرنے (چاہے تھوک سپلائی ہو یا خوردہ فروشی ہو) سے پہلے سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں پر پوری اترتی ہوں۔

**سوال 8 کیا میں درآمد شدہ قانون کی تعمیل نہ کرنے والی تمباکو کی مصنوعات کی برانڈز اور قسموں کے ناموں اور صحت کی تنبیہات کیلئے جینیرک (عمومی) سادہ پیکیجنگ استعمال کر سکتا ہوں اور ان پر چپکنے والے لیبل لگا سکتا ہوں؟**

ہاں، لیکن *تمباکو کی صرف ان مصنوعات کیلئے جو سگرٹ نہ ہوں*، جیسے سگار، کھلی پتی کا تمباکو اور شیشہ/حقے کا تمباکو۔ سگرٹ کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کیلئے برانڈ اور قسم کے نام اور صحت کی تنبیہات ظاہر کرنے کیلئے چپکنے والے لیبل استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

تمباکو کی تمام مصنوعات کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کو **بالخصوص اس مقصد کیلئے بنایا** جانا چاہیئے کہ سادہ پیکیجنگ کے تقاضے پورے ہوں۔ اس سلسلے میں *تمباکو کی صرف ان مصنوعات کیلئے جو سگرٹ نہ ہوں*، جینیرک سادہ خوردہ فروشی پیکیجنگ استعمال کی جا سکتی ہے اور برانڈ اور قسم کے ناموں کو ایک چپکنے والے لیبل کے ذریعے لگایا جا سکتا ہے جو ریگولیشنز کی تعمیل کرتا ہو۔

ریگولیشنز چپکنے والے لیبلوں کی مخصوص تفصیلات طے کرتی ہیں جن میں لیبل کے سائز، رنگ اور فونٹ کے تقاضے، اور لیبل لگانے کی حسبِ اجازت جگہ اور رخ شامل ہیں۔ ہاتھ سے لکھے گئے لیبلوں کی اجازت نہیں ہے۔

سگرٹ کے علاوہ تمباکو کی مصنوعات پر صحت کی تنبیہات بھی چپکنے والے لیبل پر لگائی جا سکتی ہیں بشرطیکہ یہ مصنوعات ریگولیشنز اور سٹینڈرڈ کی تعمیل کرتی ہوں۔

*(اہم نوٹ: اگر آپ تمباکو کی مصنوعات کو دوبارہ پیک کریں تو یہ یقینی بنانا آپ کی ذمہ داری بن جاتی ہے کہ تمباکو کیلئے صحت کی تنبیہات کو بدل بدل کر استعمال کرنے کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ صحت کی تنبیہات کو بدل بدل کر استعمال کرنے کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے سٹینڈرڈ دیکھیں۔)*

**تمباکو کو کنٹرول کرنے کیلئے دوسرے حکومتی اقدامات**

**سوال 9 آسٹریلین حکومت تمباکو نوشی اور اس کے مضر اثرات کو کم کرنے کیلئے دوسری کون سی اصلاحات عمل میں لا رہی ہے؟**

تمباکو کی سادہ پیکیجنگ آسٹریلیا کے تمباکو کو کنٹرول کرنے کے جامع اقدامات کا ایک حصہ ہے جن میں یہ شامل ہیں:

- صحت کی تازہ اور تفصیلی تنبیہات: *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011*، لازمی قرار دیتا ہے کہ صحت کی تنبیہات تمباکو کی بیشتر پیکیجنگ کے سامنے کے رخ پر کم از کم 75 فیصد، سگرٹ کی پیکیجنگ کی پشت کا کم از کم 90 فیصد اور تمباکو کی بیشتر دیگر مصنوعات کی پیکیجنگ کی پشت کا کم از کم 75فیصد حصہ ڈھکتی ہوں؛
- تمباکو نوشی کے خلاف سوشل مارکیٹنگ مہمات میں ریکارڈ سرمایہ کاری؛
- آسٹریلیا میں انٹرنیٹ پر تمباکو کی مصنوعات کی اشتہار بازی پر پابندیوں کا قانون جو 6ستمبر 2012 سے مؤثر ہے؛
- اپریل 2010 میں تمباکو پر ایکسائز میں25 فیصد اضافہ؛
- تمباکو اور تمباکو سے متعلق مصنوعات پر ایکسائز اور ایکسائز کے برابر کسٹمز ڈیوٹی میں 12.5فیصد اضافے کے چار مراحل جن کے عمل میں آنے کی تاریخیں یکم دسمبر 2013، یکم ستمبر 2014، یکم ستمبر 2015 اور یکم ستمبر 2016 ہیں؛
- تمباکو کی مصنوعات کیلئے ڈیوٹی فری الاؤنس میں کمی؛
- تمباکو کی سمگلنگ کے جرائم پر زیادہ سخت سزائیں؛ اور
- نکوٹین کی کمی پوری کرنے والے علاجوں کو فارماسیوٹیکل بینیفٹس سکیم (رعایتی ادویات کی سکیم) میں شامل کرنا۔

**سوال 10 تمباکو کی سادہ پیکیجنگ میں سٹیٹس اور ٹیریٹریز کی حکومتوں کا کیا کردار ہے؟**

قومی سطح پر آسٹریلین حکومت نے تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کا نفاذ کیا ہے اور یہ سٹیٹس اور ٹیریٹریز کے تمباکو پر کنٹرول کے اقدامات کے ساتھ ایک تکمیلی اقدام ہے۔

سٹیٹس اور ٹیریٹریز کے تمباکو پر کنٹرول کے کچھ اقدامات یہ ہیں:

- تمباکو کی مصنوعات خریدنے کیلئے کم از کم عمر کی حدیں؛
- خوردہ فروشی کیلئے نمایاں جگہ پر رکھنے پر پابندی؛ اور
- دفاتر، باروں، ریسٹورنٹوں اور دوسرے پبلک مقامات پر تمباکو نوشی پر پابندی

مزید معلومات آپ کی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں ذمہ دار ادارے سے دستیاب ہیں۔

## مزید معلومات

**سوال 11 میں تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟**

پیکیجنگ کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* کے سیکشن 18تا 26 اور *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011* دیکھیں جو www.comlaw.gov.au پر دستیاب ہیں۔

تمباکو کی مخصوص مصنوعات کیلئےتقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے آپ یہ بھی دیکھ سکتے ہیں:

- تمباکو کی سادہ پیکیجنگ: آپ کیلئے رہنمائی
- تمباکو کی سادہ پیکیجنگ: آپ کیلئے رہنمائی - ضمیمہ: تمباکو کی وہ مصنوعات جو سگرٹ نہ ہوں
- سگرٹوں کی سادہ پیکیجنگ – اکثر پوچھے جانے والے سوالات
- سگاروں کی سادہ پیکیجنگ – اکثر پوچھے جانے والے سوالات
- شیشہ اور راب کے تمباکو کی مصنوعات - اکثر پوچھے جانے والے سوالات

یہ وسائل اور تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے بارے میں مزید معلومات www.health.gov.au/tobaccopp پر دستیاب ہیں۔ اس ویب سائیٹ پر دیے گئے مواد کا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

**سوال 12 میں صحت کی تصویری تنبیہات کے بارے میں کہاں سے معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟**

صحت کی تنبیہات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011*دیکھیں جو www.comlaw.gov.au پر دستیاب ہے۔ آپ صحت کی تنبیہات کے بارے میں www.productsafety.gov.au پر بھی مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال 13 انگلش میری ترجیحی زبان نہیں ہے – کیا مجھے ان معلومات کا ترجمہ مل سکتا ہے؟**

ہاں۔ ان سوالات اور جوابات کا ترجمہ اور تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ کے بارے میں دوسرے معلوماتی وسائل www.health.gov.au/tobaccopp پر دستیاب ہیں۔

**تمباکو کے سپلائرز کیلئے معلومات**

تمباکو کی مصنوعات کے سپلائر کی حیثیت سے یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ یہ آگاہی حاصل کریں اور برقرار رکھیں کہ متعلقہ قوانین کے تحت آپ سے کیا تقاضے کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات مندرجہ ذیل ذرائع سے دستیاب ہیں:

- ویب سائیٹس: www.health.gov.au/tobaccopp اور www.productsafety.gov.au
- *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* جو www.comlaw.gov.au/Details/C2013C00190 پر دستیاب ہے
- *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011* جو www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00801 پر دستیاب ہیں
- *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011* دیکھیں جو www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00598 پر دستیاب ہے
- بالخصوص سادہ پیکیجنگ کے بارے میں سوالات (تصویروں اور صحت کی تنبیہات کے علاوہ) کیلئے – تمباکو کی سادہ پیکیجنگ سے متعلق شکایات کی لائن 971 062 1800– یا بذریعہ ای میل ppcomplaints@health.gov.au ۔
- بالخصوص تصویروں اور صحت کی تنبیہات کے بارے میں سوالات کیلئے – آسٹریلین کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ACCC) انفو سنٹر - 502 302 1300

نوٹ: یہ معلومات صرف رہنمائی کیلئے ہیں اور ان پر قانونی مشورے کی طرح بھروسہ **نہیں** کرنا چاہیئے ۔ یہ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ اگر آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں لاعلم ہیں یا تقاضوں کو سمجھنے میں مشکل محسوس کر رہے ہیں تو آپکو اپنے لئے خودمختارانہ قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیئے۔ اس اشاعت میں دی گئی تمام معلومات اگست 2015 میں درست ہیں۔

اس اشاعت کا مواد کاپی رائٹ کے تحت محفوظ ہے۔*کاپی رائٹ ایکٹ 1968* میں دی گئی اجازت کے مطابق استعمال کے علاوہ کوئی حصہ پہلے کامن ویلتھ سے تحریری اجازت لیے بغیر دوبارہ شائع نہیں کیا جا سکتا۔